Daily Baldiat | ABC CERTIFIED | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

عوام کے بنیادی مسائل اور بلدیاتی امور پر شائع ہونے والا ملک کا پہلا اخبار مسلسل اشاعت کے 23 سال

روزنامہ

# بلدیات

چیف ایڈیٹر: عابد حسین | ایڈیٹر: محمد سعید آرائیں | کراچی

جلد نمبر 24 | جمعۃ المبارک 29 نومبر 2024 | قیمت 10 روپے | فون نمبر 0300-2834950 | REGD NO SC (MC)-1229 | شمارہ 213

# ماڈل ٹاؤن میں ملازمین کے 6 کروڑ روپے کے بقایاجات ادا کر دیئے

منعم ظفر خان

## اپنے 9 ٹاؤنز کو حقیقی ماڈل ٹاؤن بنائیں گے، دیگر ٹاؤن چیئرمین بھی اپنے فرائض ادا کریں تو پورا شہر سنور سکتا ہے، منعم ظفر خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے ماڈل ٹاؤن چیئرمین ظفر احمد خان اور ان کی ٹیم کی کوششوں سے ٹاؤن ملازمین کو ایڈہاک ریلیف بقایاجات کی مد میں تقریباً 6 کروڑ روپے کی ادائیگی کر دی گئی، امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے ٹاؤن آفس میں منعقدہ ایک پروقار تقریب میں ملازمین کو بقایاجات کے چیک تقسیم کیے۔ منعم ظفر خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کے منتخب بلدیاتی نمائندے امانت داری و دیانتداری کے ساتھ محدود وسائل اور اختیارات کی کمی کے باوجود اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں، ہم اپنے 9 ٹاؤنز کو حقیقی ماڈل ٹاؤن بنائیں گے۔ جماعت اسلامی کی طرح دیگر ٹاؤن چیئرمینز بھی امانت داری کے ساتھ اپنے فرائض ادا کریں۔ بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 3

کیا ہے۔

## بقیہ نمبر 19

ں گے تو پورا شہر سنور سکتا ہے۔ ٹاؤن چیئرمین ظفر خان، وائس چیئرمین فیصل باسط، میونسپل کمشنر امداد علی سمیت تمام بلدیاتی امیدواران کی جانب سے بہترین تقریب کے انعقاد پر مبارکباد کے مستحق ہیں، جنہوں نے آج 21 ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین کے بقایا واجبات کی ادائیگی یقینی بنائی۔ 2019 کے بقایا واجبات تھے جو جماعت اسلامی کے ٹاؤن چیئرمین نے ادا کیے اور ملازمین کو ان کا حق ادا کیا۔ تقریب سے امیر ضلع ایئرپورٹ چوہدری محمد اشرف، رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق، ٹاؤن چیئرمین ماڈل کالونی ظفر احمد خان و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں ٹاؤن وائس چیئرمین فیصل باسط، ٹاؤن میونسپل کمشنر سید امداد علی شاہ، چیف کوآرڈی نیٹر نجم الدین، یوسی چیئرمین، وائس چیئرمین، افسران و ملازمین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ چیک وصول کرنے والے ملازمین نے جماعت اسلامی کی کوششوں کو سراہا اور اظہار تشکر کیا۔ منعم ظفر خان نے مزید کہا کہ یکم نومبر 2023 کو ٹاؤن چیئرمینز کو اختیارات دیے گئے، ایک سال میں جماعت اسلامی کے 9 ٹاؤنز میں سرکاری ملازمین کے مسائل بھی حل کیے جا رہے ہیں۔ جماعت اسلامی نے 9 ٹاؤنز میں 120 سے زائد پارکوں کو افتتاح کیا، 33 اسکولوں کو بحال کیا، 40 ہزار سے زائد اسٹریٹ لائٹس لگائی گئیں، محدود وسائل میں ہم نے یہ کام سرانجام دیے ہیں، ہم چیلنج کرتے ہیں کہ جماعت اسلامی کے 9 ٹاؤنز کی طرح کوئی 1 ٹاؤن بتا دیں جس میں اتنے کام ہوئے ہیں۔ صورتحال تو یہ ہے کہ پیپلز پارٹی کے ٹاؤن چیئرمین کے اپنے ٹاؤن میں کام نہ کرنے پر ان کی جگہ ایڈمنسٹریٹر لگانے کا فیصلہ کیا گیا، ہم نے گلشن اقبال ٹاؤن کی نشتر بستی میں ٹاؤن کے بجٹ سے سرکاری اسکولوں کے بچوں کے لیے یونیفارم اور شوز فراہم کیے۔ سرکاری اسکولز میں صبح اور شام کی شفٹ میں صرف 100 بچے تھے لیکن جماعت اسلامی کی محنت سے گزشتہ 6 ماہ میں 250 بچوں نے رجسٹریشن کروائی۔ چوہدری محمد اشرف نے کہا کہ ہم نے وعدہ کیا تھا کہ ہم اپنے اختیارات اور وسائل سے بڑھ کر خدمات انجام دیں گے، چند لوگوں نے کہا تھا کہ حافظ نعیم الرحمن کو شہر میں تختیاں لگانے کا شوق ہے، حافظ نعیم الرحمن نے کہا تھا کہ ہم خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں، کام ہم کریں گے تختیاں تم لگا دینا، ہمیں فخر ہے کہ شہر کی تعمیر و ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہیں۔ محمد فاروق نے کہا کہ کراچی بے شمار مسائل کا شکار ہے، صوبائی حکومت نے کراچی کے تمام اداروں پر قبضہ کیا ہوا ہے، بلدیاتی اداروں کے کرنے کے کام پر بھی سندھ حکومت قابض ہے، جماعت اسلامی نے شہر کے مسائل کو اجاگر کیا اور اس کے حل کرنے کی طویل جدوجہد کی، ہم شہریوں کے حقوق کے حصول اور مسائل کے حل کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ظفر احمد خان نے کہا کہ ڈسٹرکٹ میونسپل کارپوریشن کورنگی میں 2018-19 کے دور میں ملازمین کو ان کی تنخواہوں میں اضافے سے جبری طور پر محروم رکھا گیا اور مختلف ادوار میں ملازمین کو ان کے بقایاجات کی ادائیگی بھی نہ کی گئی مگر جب ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ماڈل کالونی میں جماعت اسلامی اقتدار میں آئی تو موجودہ وسائل میں رہتے ہوئے عوام کی خدمت کا عظیم سفر شروع ہوا اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی ماڈل کالونی آمد کے موقع پر حافظ نعیم الرحمن نے تاریخی اعلان کیا کہ 2018-19 بقایاجات جو کہ تقریباً 6 کروڑ روپے کی رقم بنتی ہے وہ ملازمین کو ہم ادا کریں گے تو ملازمین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور اس دن سے ہم نے اپنی ٹیم وائس چیئرمین فیصل باسط، چیف کوآرڈی نیٹر نجم الدین، ٹاؤن کوآرڈی نیٹر شیخ الدین کے ہمراہ حافظ نعیم الرحمن کے وژن کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے عملی اقدامات کا آغاز کیا اور الحمدللہ ایک سال سے کم کی قلیل مدت میں یہ کام پایہ تکمیل تک پہنچا اور ملازمین کو ان کے ایڈہاک ریلیف بقایاجات تقریباً 6 کروڑ روپے کی ادائیگی کردی گئی۔